تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

513

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

کل نمبر: ۱۰۰	پہلا پرچہ: قرآن مجید ترجمہ وتفسیر	وقت: تین گھنٹے

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1 (وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ) ابنہ (علمًا) بالقضاء بين الناس ومنطق الطير وغير ذالك (وقالا) شكرا لله: (الحمد لله الذى فضلنا) بالنبوة وتسخير الجن والانس والشياطين (على كثير من عباده المؤمنين. وورث سليمٰن داود) النبوة والعلم (وقال يايها الناس علمنا منطق الطير) اى فهم أصواته (وأوتينا من كل شيء) يؤتاه الأنبياء والملوك (إنّ هذا) المؤتى (لهو الفضل المبين) البين الظاهر۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) آیات کریمہ کا شان نزول بیان کریں۔ ۱۰

(ج) کیا نبوت میں وراثت ہو سکتی ہے یا نہیں؟ تفسیر جلالین کی روشنی میں مدلل انداز میں لکھیں۔ ۱۴

سوال نمبر2 (فانك لاتسمع الموتى ولا تسمع الصم الدعاء اذا) بتحقيق الهمزتين وتسهيل الثانية بينها وبين الياء (ولوا مدبرين. وما انت بهٰد العمى عن ضللتهم ان) ما (تسمع) سماع افهام وقبول (الا من يؤمن باٰيٰتنا) القراٰن (فهم مسلمون).

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور نشان زدہ صیغوں میں سے کوئی سے تین صیغوں کی صرفی تحقیق کریں۔ ۱۵=۶+۹

(ب) سماع موتی پر اہل سنت کا عقیدہ مدلل تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) کیا ترجمہ قرآن کو قرآن کہنا جائز ہے؟ دلیل کے ساتھ اپنا موقف بیان کریں۔ ۸

سوال نمبر3 (يٰايها النبىّ قل لازواجك وبناتك ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن) جمع جلباب وهى الملحفة التى تشتمل بها المرأة اى يرخين بعضها على الوجوه اذا خرجن لحاجتهن الا عينا واحدة.

(الف) عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے مفسر کی عبارت کا مفہوم واضح کریں۔ ۱۰

(ب) آیت کا شان نزول تفصیل سے لکھیں۔ ۱۰

(ج) عورت کے چہرہ کا پردہ ہے یا نہیں؟ تفصیلا اور مدلل بیان کریں۔ ۱۴

سوال نمبر4

(الف) حضرت لقمان علیہ السلام کی پانچ نصیحتیں تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کی حقیقت اور اوصاف بیان کریں، نیز انگوٹھی اٹھانے والے جن کا نام بتا کر پورا واقعہ قلمبند کریں۔ ۱۰

(ج) اہم امور میں مشورہ کا حکم دلائل سے لکھیں۔ کیا کافر کا ہدیہ قبول کر سکتے ہیں؟ ۱۴=۴+۱۰

523

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | **دوسرا پرچہ: حدیث و عربی ادب** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول سے تین سوالات حل کریں۔ اور حصہ دوم کے دونوں سوالات کا حل مطلوب ہے۔

حصہ اول ... حدیث شریف

سوال نمبر1 قال: فأخبرني عن الساعة متى هي؟ قال: ما المسئول عنها بأعلم من السائل، ولكن لها شرائط.

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ کریں، اور اعراب لازمی لگائیں۔ ۸

(ب) حضور ﷺ کو وقوع قیامت کا وقت معلوم ہے یا نہیں؟ اہل سنت کا موقف دلائل کے ساتھ تحریر کریں۔ ۱۲

سوال نمبر2 عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ: إنّ الله زادكم صلوة وهو وتر.

(الف) وتر کے وجوب اور عدم وجوب میں اختلاف ائمہ دلائل کے ساتھ لکھیں۔ ۱۰

(ب) سفر میں نماز قصر کرکے پڑھنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اختلاف ائمہ بیان کرکے مذہب احناف کی وجہ ترجیح ذکر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3 عن عبد الله قال قال رسول الله ﷺ: طلب العلم فريضة على كل مسلم.

(الف) حدیث پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز مسند امام اعظم سے طلب علم کی فضیلت پر ایک حدیث پاک نقل کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث مذکور میں "فرض" سے مراد فرض عین ہے یا فرض کفایہ؟ تفصیلاً لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر4 عن ابن مسعود قال قال رسول الله ﷺ: أفضل الحج: العجّ والثجّ.

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ کریں۔ ۵

(ب) فرضیت حج کے بعد کب تک تاخیر کی جاسکتی ہے؟ نیز حج کی اقسام ثلاثہ کی تعریفات قلمبند کریں۔ ۱۵=۹+۶

حصہ دوم ... عربی ادب

سوال نمبر5 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۳۰=۵*۶

۱	كأني غداة البين يوم تحملوا	لدى سمرات الحي ناقف حنظل
۲	تجاوزت أحراسا إليها ومعشرا	عليّ حراصا لو يسرّون مقتلي
۳	ألا أيها الليل الطويل ألا انجلي	بصبح وما الإصباح منك بأمثل
۴	كأن السباع فيه غرقى عشية	بأرجائه القصوى أنابيش عنصل
۵	لخولة أطلال ببرقة ثهمد	تلوح كباقي الوشم في ظاهر اليد
۶	لها فخذان أكمل النحض فيهما	كأنهما بابا منيف ممرّد
۷	وطيّ محال كالحنيّ خلوفه	وأجرنة لزّت بدأي منضّد
۸	فما لي أراني وابن عمي مالكا	متى أدن منه ينأ عنّي ويبعد
۹	يلوم وما أدري علام يلومني	كما لامني في الحي قرط بن معبد
۱۰	وقفت بها من بعد عشرين حجة	فلأيا عرفت الدار بعد توهم

سوال نمبر6 عربی ادب میں سبع معلقات کا مقام جامع انداز میں تحریر کریں۔ ۱۰

533

خاصہ سال دوم

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | **تیسرا پرچہ: فقہ** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1 والمفروض في مسح الرأس مقدار الناصية، وهو ربع الرأس؛ لما روى المغيرة بن شعبة: أن النبي ﷺ أتى سباطة قوم، فبال وتوضأ ومسح على ناصيته وخفيه. والكتاب مجمل فالتحق بيانا به، وهو حجة على الشافعي في التقدير بثلث شعرات، وعلى مالك في اشتراط الاستيعاب، وفي بعض الروايات قدره بعض أصحابنا بثلاث أصابع اليد؛ لانها أكثر ماهو الأصل في آلة المسح.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور تشریح اس انداز سے کریں کہ اختلاف ائمہ واضح ہو جائے۔ ۲۰

(ب) غیر سبیلین سے نکلنے والی چیز ناقض وضو ہے یا نہیں؟ اختلاف ائمہ مع دلائل لکھیں۔ ۱۰

(ج) غدیر عظیم کی تعریف بیان کریں، نیز بتائیں کہ اگر اس میں نجاست گر جائے تو کیا حکم ہے؟ ۴

سوال نمبر2 ومن تكلم في صلاته عامدا أو ساهيا بطلت صلاته، خلافا للشافعي في الخطأ والنسيان.

(الف) عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے "خطاء" اور "نسیان" میں فرق لکھیں۔ نیز مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ بیان کریں۔ ۱۵=۶+۴+۵

(ب) نماز کی پانچ شرطیں مع دلائل لکھیں۔ ۱۰

(ج) سفر شرعی کی مقدار کیا ہے؟ اس کی وجہ سے کون کون سے احکام تبدیل ہو جاتے ہیں۔ ۸=۵+۳

سوال نمبر3 ومن تصدق بجميع ماله لاينوي الزكوة سقط فرضها عنه استحسانًا؛ لانّ الواجب جزءٌ منه فكان متعينا فيه فلا حاجة الى التعيين.

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، وجوب زکوۃ کی شرائط لکھیں۔ نیز بتائیں کہ وجوب کیلئے مال کا "نامی" ہونا کیوں شرط ہے؟ ۱۰=۳+۷

(ب) "عشر" "خراج" "معدن اور "رکاز" کی تعریفات لکھیں۔ ۱۲

(ج) 120 اونٹوں تک کی زکوۃ کا نصاب تحریر کریں۔ نیز بنت لبون کی تعریف کریں۔ ۱۱

سوال نمبر 4

(الف) حج کے ارکان ذکر کریں۔ حج قران، حج تمتع اور حج افراد کی تعریفات لکھیں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ "میقات" سے کیا مراد ہے؟ اور پاکستان سے حرم شریف جانے والوں کا میقات کیا ہے؟ ۱۵=۲+۳+۶+۴

(ب) اپنے سر کو کتنے وقت تک ڈھانپے رکھنے سے مُحرم پر دم لازم آتا ہے؟ اختلاف ائمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) حج کے واجبات میں سے صرف چار درج کریں۔ ۸

543

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ : اصول فقہ | کل نمبر:۱۰۰

نوٹ: تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1

أما الخاص فكل لفظ وضع لمعنى معلوم على الانفراد، فقوله: كل لفظ بمنزلة الجنس لكل ألفاظ، والباقي كالفصل. فقوله: "وضع لمعنى" يخرج المهمل، وقوله: "معلوم" ان كان معناه معلوم المراد يخرج منه المشترك؛ لأنه غير معلوم المراد، وان كان معناه معلوم البيان لم يخرج المشترك منه ويخرج من قوله على الانفراد؛ لأن معناه حينئذٍ أن يكون المعنى منفردًا عن الأفراد وعن معنى آخر، فيخرج عنه المشترك والعامّ جميعا.

(الف) عبارت کا ترجمہ اس طرح کریں کہ مفہوم واضح ہو جائے۔ ۱۰

(ب) خاص کی اقسام ثلاثہ کی وضاحت کریں۔ نیز خاص کا حکم بیان کریں۔ ۹+۳=۱۲

(ج) "امر" تکرار کا تقاضا کرتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں کرتا تو عبادات میں تکرار کیوں ہے؟ تفصیل سے واضح کریں۔ ۶+۶=۱۲

سوال نمبر 2

وأمّا المتشابه فهو اسم لما انقطع رجاء معرفة المراد منه ولا يرجى بدوّه أصلا، فهو في غاية الخفاء بمنزلة المحكم في غاية الظهور.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔ ۱۰+۴=۱۴

(ب) "متشابہ" کی مثال لکھیں اور بتائیں کہ متشابہ کا خفاء کب تک باقی رہے گا؟ ۱۰

(ج) "عام"، "مشترک" اور "مطلق" کی تعریفات تحریر کریں۔ ۹

سوال نمبر 3

السنة تطلق على قول الرسول عليه السلام وفعله وسكوته وعلى أقوال الصحابة وأفعالهم، والحديث يطلق على قول الرسول عليه السلام خاصة.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز وضاحت کریں کہ متن میں "سنت" سے کیا مراد ہے؟ ۱۲+۳=۱۵

(ب) خبر واحد کے حجت بننے کے لیے راوی میں کون سی شرائط کا پایا جانا ضروری ہے؟ ۸

(ج) "خبر متواتر" اور "خبر مشہور" کی تعریفات لکھیں۔ نیز بتائیں کہ ان دونوں سے کون سا علم حاصل ہوتا ہے؟ ۶+۴=۱۰

سوال نمبر 4

(الف) منسوخ کی اقسام لکھیں۔ نیز بتائیں کہ کیا اجماع اور قیاس نسخ کی صلاحیت رکھتے ہیں؟ ۹+۴=۱۳

(ب) اجماع سکوتی کے بارے میں امام شافعی اور احناف کا موقف سپرد قلم کریں اور وجہ ترجیح تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) اجماع کا حکم تحریر کریں۔ نیز منکرِ اجماع کا حکم بھی لکھیں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | **پانچواں پرچہ: نحو** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1

(الكلمة) قيل: هي والكلام مشتقان من الكلم بتسكين اللام وهو الجرح؛ لتاثير معانيهما في النفوس كالجرح، وقد عبر بعض الشعراء عن بعض تأثيراتهما بالجرح.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز عبارت میں جس شعر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اُسے تحریر کریں۔ ۵+۵+۲=۱۲

(ب) "لفظ" اور "وضع" کی تعریفات لکھیں۔ نیز "وضع" کی تعریف پر وارد ہونے والا اعتراض مع جواب نقل کریں۔ ۶+۶=۱۲

(ج) کلمات اللہ اور کلمات الجن "لفظ" کی تعریف میں داخل ہیں یا نہیں؟ مدلل جواب تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2

والنون زائدة من قبلها ألف و وزن فعل وهذا القول تقريب.

(الف) خط کشیدہ عبارت کی ترکیب کریں اور وهذا القول تقريب کا مفہوم واضح کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) اسباب منع صرف کتنے ہیں؟ مع اختلاف بیان کریں۔ نیز بتائیں وہ کون سے اسباب ہیں جو دو (۲) کے قائم مقام ہیں؟ ۱۲+۲=۱۴

(ج) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہ آنے کی وجہ تفصیل سے لکھیں۔ ۹

سوال نمبر3

وقول امرىء القيس: "كفاني ولم أطلب قليل من المال" ليس منه أي من باب التنازع لفساد المعنى.

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) مفعول بہ کے عامل (فعل) کو وجوبی طور پر حذف کرنے کی صورتوں کی وضاحت کریں۔ نیز اھلًا و سھلًا کی اصل عبارت لکھیں۔ ۹+۴=۱۳

(ج) مبتدا کی دونوں قسموں کی تعریفات لکھیں اور مثالوں کے ذریعے فرق واضح کریں۔ ۱۰

سوال نمبر4

(الف) مفاعیل خمسہ کی تعریفات مع امثلہ لکھیں۔ ۲۰

(ب) "ترخیم" کی تعریف اور شرائط قلمبند کریں۔ ۳+۶=۹

(ج) منادی معرف باللام ہونے کی صورت میں مرفوع کیوں ہوتا ہے؟ ۴

563

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: بلاغت ومنطق | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے دو، دو سوالات حل کریں۔

قسم اول ... بلاغت

سوال نمبر 1 **فالفصاحة فی الکلام: خلوصه من ضعف التألیف وتنافر الکلمات والتعقید مع فصاحتها.**

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) "غرابت"، "ضعف تالیف"، "تنافر کلمات" اور "تعقید" کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2 **ینبغی ان یقتصر من الکلام علی قدر الحاجة.**

(الف) مذکورہ عبارت کی روشنی میں احوال مخاطب کے اعتبار سے کلام کی اقسام ثلاثہ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) علم معانی کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں یہ فن کتنے اور کون کون سے ابواب پر مشتمل ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 3

(الف) مسندالیہ کو معرفہ بالعلم لانے کی کوئی تین وجوہات مع امثلہ لکھیں۔ ۹

(ب) "قصر" کی دو اقسام مع امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(ج) تلخیص المفتاح کے مصنف کا نام لکھیں۔ نیز بتائیں کہ کس کتاب کی تلخیص ہے؟ ۶

قسم ثانی ... منطق

سوال نمبر 4 **العلم ان کان اذعانا للنسبة فتصدیق، والا فتصور.**

(الف) علم کی تعریف لکھیں۔ نیز بتائیں مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف کیوں نہیں ذکر کی؟ ۱۰

(ب) "اذعان" اور "نسبت" سے کیا مراد ہے؟ تصدیق کے لیے کتنے امور ضروری ہیں؟ وضاحت سے تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) تہذیب المنطق اور شرح تہذیب میں فرق لکھیں اور دونوں کے مصنفین کے نام تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر 5 **المفهوم ان امتنع فرض صدقه علی کثیرین فجزئیّ والا فکلیّ.**

(الف) عبارت مذکورہ کا ترجمہ کریں۔ نیز "نوع"، "فصل" اور "عرض عام" کی تعریفات مع امثلہ لکھیں۔ ۱۵

(ب) دو کلیوں میں پائی جانے والی نسبت کی اقسام مع وجہ حصر تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6

درج ذیل میں سے صرف پانچ کی تعریفیں لکھیں۔ ۲۵

۱۔ تناقض ۲۔ عکس مستوی ۳۔ عکس نقیض ۴۔ قیاس خلف

۵۔ قضیہ موجبہ ۶۔ قضیہ مرکبہ ۷۔ جہت ۸۔ مادۂ قضیہ